# 1
# عربی زبان کے حروف تہجی

## 1.1 سبق کا تعارف:

یہ سبق حروف تہجی سے متعلق ہے۔اس سبق میں ان حروف کے بارے میں بتایا جائے گا جن سے وہ الفاظ اور جملے بنتے ہیں جن کی مدد سے ہم بولتے اور لکھتے ہیں ۔ یہ حروف مختلف قسم کے ہوتے ہیں ان حروف میں کچھ ایسے ہیں جو اپنے سے پہلے والے حروف سے مل جاتے ہیں اور بعض حروف نہیں ملتے جو حروف نہیں ملتے ان کو قمری اور جو حروف مل جاتے ہیں انہیں شمسی کہا جاتا ہے۔

عربی زبان اردو کی طرح دائیں طرف سے لکھی جاتی ہے۔اردو زبان کے حروف کی ادائیگی صحیح تلفظ کے ساتھ ضروری ہے تا کہ ان کے معنی میں کوئی تبدیلی نہ ہو سکے۔اگر عربی زبان پڑھتے وقت ہم نے تلفظ کا خیال نہ رکھا تو معنی بدل جائیں گے۔

## 1.2 اس سبق سے آپ کیا سیکھیں گے:

- عربی حروف کو صحیح طریقے سے بولنا سیکھیں گے ۔
- عربی حروف لکھنا سیکھیں گے۔
- حروف کو ایک دوسرے سے جوڑنا سیکھیں گے۔

## 1.3 اصل مَتْن (Text)(حروف تَهَجِّي):

زبان اور گلے میں ذرا ذرا سی جنبش (حرکت) سے پیدا ہونے والی آواز کو حروف کہتے ہیں۔ یہ حروف کئی طرح کے ہوتے ہیں لیکن جن حروف کی ترکیب سے الفاظ بنائے جاتے ہیں انہیں **حروف تهجی** کہا جاتا ہے۔ جو اس طرح ہیں۔

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ا | ب | ت | ث | ج | ح | خ | د | ذ | ر |
| ز | س | ش | ص | ض | ط | ظ | ع | غ | ف |
| ق | ك | ل | م | ن | و | ء | ه | ي | |

### حروف کی ادائیگی کا صحیح طریقہ:

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الف | باء | تاء | ثاء | جيم | حاء | خاء | دال | ذال | راء |
| زاء | سين | شين | صاد | ضاد | طاء | ظاء | عين | غين | فاء |
| قاف | كاف | لام | ميم | نون | واو | هاء | ياء | | |

### حروف کی صحیح ادائیگی:

وہ حروف جن کا تلفظ یکساں ہے ان کی ادئیگی کے وقت ان کے مَخرج کا خیال رکھا جاتا ہے بعض طلبہ عام طور سے ت اور ط، س اور ص،ك اور ق ، ع اور ا ، ح اور ه کے درمیان بالکل فرق نہیں کرتے انہیں چاہیے کہ وہ حروف کی صحیح ادائیگی پر خاص توجہ دیں۔

### حروف کی تشریح:

متن میں جتنے حروف استعمال کئے گئے ہیں سب الگ الگ ہیں انہیں حروف سے جوڑ کر الفاظ بنائے جاتے ہیں مثلاً اگر آپ کو رَبٌّ لکھنا ہے تو آپ کو اس میں دو حروف جوڑنے ہوں گے ایک حرف ر اور دوسرا حرف ب ہوگا دونوں کو جوڑنے سے رَبٌّ بن جائے گا اس طرح اور دوسری مثالیں ذیل میں دیکھ سکتے ہیں جنہیں دو حرفوں سے جوڑ کر بنایا گیا ہے۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1۔ | م | ن | | مِن | (سے) |
| 2۔ | ک | م | | کَم | (کتنا) |
| 3۔ | ا | ب | | اَبٌ | (باپ) |
| 4۔ | ا | خ | | اَخٌ | (بھائی) |
| 5۔ | ی | د | | یدٌ | (ہاتھ) |

اسی طرح اگر آپ کو تین حروف پر مشتمل کوئی معنی دار لفظ بنانا ہے تو آپ انہیں حروف تہجی میں سے کسی تین حروف کا انتخاب کر کے بامعنی الفاظ بنائیں گے۔ جیسے اگر آپ کو قَـلَـمٌ لکھنا ہے تو آپ ان حروف تہجی میں سے ق ل م کا انتخاب کر کے قَلَمٌ لکھیں گے اور اس کے لکھنا طریقہ اس طرح ہوگا۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1۔ | ص | و | ت | صَوْتٌ | (آواز) |
| 2۔ | ن | ص | ر | نَصْرٌ | (مدد) |
| 3۔ | ب | ی | ت | بَیْتٌ | (گھر) |
| 4۔ | ف | ر | س | فَرَسٌ | (گھوڑا) |
| 5 | و | ل | د | وَلَدٌ | (لڑکا) |

لیکن اگر آپ کو ایسے الفاظ لکھنے ہیں جو چار حروف پر مشتمل ہوتے ہیں تو ان کے لئے انہیں حروف تہجی میں سے چار حروف کا انتخاب کرنا ہوگا مثلاً اگر آپ کو کِتَـــاْبٌ لکھنا ہے تو آپ ک، ت ،ا اور ب کا انتخاب کر کے کِتَاْبٌ لکھیں گے جیسے :

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1۔ | و | ا | ح | د | وَاْحِدٌ | (ایک) |
| 2۔ | ق | ط | ا | ر | قِطَاْرٌ | (ٹرین) |
| 3۔ | ق | م | ی | ص | قَمِیْصٌ | (قمیص) |
| 4۔ | ص | ا | د | ق | صَاْدِقٌ | (سچا) |
| 5۔ | ا | م | ی | ن | اَمِیْنٌ | (امانت دار) |

## حروف کو جوڑ کر لکھنے کی مشق:

بولنے کے ساتھ ساتھ ان حروف کو جب تک آپ لکھنا نہیں سیکھیں گے اس وقت تک اپنی بات تحریری طور پر دوسروں تک نہیں پہنچا سکیں گے لکھنے کے شروعات دائیں جانب سے ہوگی۔ پہلے دو حرفی پھر تین حرفی اور چار حرفی الفاظ لکھنے ہوں گے جس کا طریقہ نیچے لکھا جا رہا ہے۔ مگر یہ واضح رہے کہ د ، ذ ، ر ، ز اپنے پہلے والے حروف سے تو مل جائیں گے مگر بعد والے حروف سے نہیں ملیں گے اس لئے یہاں ان کا ذکر نہیں ہوگا۔

با بب بج بد بر بس بص بط بع بف

بق بك بل بم بن بو به بي

جا جب جج جد جر جس جص جط جع جف

جق جك جل جم جن جو جه جي

سا سب سج سد سر سس سص سط سف

سق سك سل سم سن سو سه سي

صا صب صج صد صر صس صص صط صع صف

صق صك صل صم صن صو صه صي

طا طب طج طد طر طس طص طط طع طف

طق طك طل طم طن طو طه طي

عا عب عج عد عر عس عص عط عع عف

عق عك عل عم عن عو عه عي

فا فب فج فد فر فس فص فط فع فف

فق فك فل فم فن فو فه في

كا كب كج كد كر كس كص كط كع كف

كق كك كل كم كن كو كه كي

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لا | لب | لج | لد | لر | لس | لص | لط | لع | لف |
| لق | لك | لل | لم | لن | لو | له | لي | | |
| ما | مب | لج | مد | مر | مس | مص | مط | مع | مف |
| مق | مك | مل | مم | من | مو | مه | مي | | |
| ها | هب | هج | هد | هر | هس | هص | هط | هع | هف |
| هق | هك | هل | هم | هن | هو | هه | هي | | |
| يا | يب | يج | يد | ير | يس | يص | يط | يع | يف |
| يق | يك | يل | يم | ين | يو | يه | يي | | |

**نوٹ:** ایک جیسی شکل والے حروف میں ایک ہی حرف کو جوڑ کر دکھایا گیا ہے مثلاً 'ص' کے جوڑنے کا طریقہ بیان کر کے 'ض' کو چھوڑ دیا گیا ہے۔

## 1.4 تمرینات (متن پر مبنی سوالات):

1۔حروف تہجی کسے کہتے ہیں ترتیب سے لکھئے۔

2۔حرف تہجی کے بے نقطے والے حروف کا الگ چارٹ بنایئے۔

3۔جن حروف کی ادئیگی سے ہونٹ آپس میں مل جاتے ہیں وہ کون سے ہیں۔

4۔جن حروف کی آوازوں میں یکسانیت ہے ان کی فہرست تیار کیجئے۔

5۔ذیل کی خالی جگہوں میں مناسب حرف بڑھا کر لفظ بنایئے۔

1۔ ح.......................د    2۔ ن.......................م

3۔ ب.................. ت    4۔ ق.......................د

5۔ ب.................ل    6۔ ق.......................م

6۔ پانچ الفاظ ایسے الفاظ لکھئے جو تین حروف پر اور پانچ الفاظ ایسے لکھئے جو چار حروف پر مشتمل ہوں۔

7۔ پانچ دو حرفی کلمات لکھئے اور ان کے معانی بھی بتائیے۔

8۔الفاظ کے معانی بتلائیے۔

**وَلَدٌ بِنْتٌ فَرَسٌ كِتَابٌ سَبُّوْرَةٌ رَجُلٌ كُرَّاسَةٌ**

9۔ذیل میں کچھ الفاظ لکھے جارہے ہیں ان کے حروف الگ الگ کیجئے۔

1۔ شَجَرٌ (درخت) ش ج ر

2۔ عِنَبٌ (انگور)

3۔ شَمْسٌ (سورج)

4۔ مَطَرٌ (بارش)

5۔ صَدِيْقٌ (دوست)

10۔درج ذیل الفاظ کے معانی زبانی یاد کیجئے۔

**جَدٌّ** (دادا) **جَدَّةٌ** (دادی) **أُخْتٌ** (بہن) **بَيْتٌ** (گھر) **أَسَدٌ** (شیر)

**دُبٌّ** (ریچھ) **فَارٌ** (چوہا) **دِيْكٌ** (مرغا) **دَجَاجَةٌ** (مرغی) **بَبْغَاءُ** (طوطا)

## 1.5 اس سبق سے آپ نے کیا سیکھا:

۱۔ الفاظ کے بنانے میں حروف کی کیا اہمیت ہے۔

۲۔ حروف کو جوڑ کر آپ کس طرح الفاظ بنا سکتے ہیں۔

۳۔ عربی زبان میں ڈ، ڑ، ٹ چ، گ وغیرہ جیسے حروف نہیں آتے ہیں۔

## 1.6 متن پر مبنی سوالات کے جوابات:

1۔ جن حروف کی ترکیب سے الفاظ بنائے جاتے ہیں انہیں حروف تہجی کہا جاتا ہے۔حروف تہجی یہ ہیں۔

ا ب ت ث ج ح خ د ذ ر

ز س ش ص ض ط ظ ع غ ف

ق ك ل م ن و ء ه ي

(بے نقطے والے حروف)

2۔ ح د ر س ص ط ع ك ل م

و ء

(ہونٹ ملنے والے حروف)

3۔ ب ج ف ل م

(آوازوں میں یکسانیت والے حروف)

4۔ س ص ث ك ق ض ظ ذ ز وغیرہ۔

(مناسب حروف بڑھا کر الفاظ)

5۔ (1) حَمْدٌ (2) نَوْمٌ (3) بَيْتٌ (4) قِرْدٌ (5) بَقْلٌ (6) قَلَمٌ

(پانچ تین حرف والے الفاظ)

6۔ (1) اُذُنٌ (2)رَاْسٌ (3)رَجُلٌ (4)جَزَرٌ (5) دَرْسٌ

(پانچ چار حرف والے الفاظ)

(1) طَبِيْبٌ (2)طُيُوْرٌ (3) أَمَانٌ (4) قِطَارٌ (5) صَدِيْقٌ

(پانچ دوحرفی الفاظ)

7۔ (1) مِنْ(سے) (2) عَنْ(سے) (3) كَمْ(کتنا) (4)أَخٌ(بھائی)

(5) دَمٌ (خون) (6)أبٌ(باپ)

(الفاظ کے معانی)

8۔ (1) وَلَدٌ (لڑکا) (2) فَرَسٌ (گھوڑا) (3) سَبُّوْرَةٌ (بلیک بورڈ) (4) رَجُلٌ (مرد)
(5) کُرَّاْسَةٌ (کاپی)

(الگ کیے ہوئے حروف)

9۔ (1) ش ج ر
(2) ع ن ب
(3) ش م س
(4) م ط ر
(5) ص د ی ق